مولانا عتیق الرحمان سنبھلی

مکتوب لندن

مخدوم زادۂ گرامی قدر مکرم و محترم مولانا سمیع الحق صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ!

آج ہی گرامی نامہ مع الحق موصول ہوا ہے - آپ کی تحریر آنکھوں کی ٹھنڈک اور باعث عزت افزائی، ملاقات
بھی امید دلائی ہے، جو مزید باعث مسرت - اللہ یہ امید برلائے، آپ سے بہت سی باتیں کرنے کو جی چاہتا ہے -
الفرقان کا اداریہ اگرچہ فکر انگیز معلوم ہوا ہے تو اس پر الحق میں اظہار خیال میرے خیال سے مفید ہوگا - ضرورت
ہ کہ مسائل پر تبادلۂ خیال ہو - اور بالکل (کسی حد تک) معروضی انداز میں ہو -
شیخ ابوزہرہ مصری مرحوم کی امام ابوحنیفہ ضرور دیکھی ہوگی - اس کو مکتبہ سلفیہ لاہور نے اپنی تردید بنام تحقیق
ہے موثق کرکے اردو میں شائع کیا ہے - میرا جی چاہتا تھا کہ وہ اس تحقیق کے بغیر آپ حضرات کے یہاں سے
ئع کی جاتی - مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب کی حضرت امام ابوحنیفہؒ پر جس کا نام شاید دفاع امام ابوحنیفہ ہے
ں کی ایک کاپی مجھے درکار ہے قیمت جہاں فرمائیں گے ادا کر دی جائے گی کتاب کے نام کا تیقن نہیں ہے -
ہ کرم مولانا حقانی سے دریافت فرمالیں -
پیکٹ بند کر دیا تھا کہ ایک ضروری بات کے لیے کھول کر یہ اضافہ کر رہا ہوں، الحق میں مالک رام صاحب کا
خط مولانا علی میاں کے نام بتایا گیا ہے وہ میں نے ارمغان دعوت میں خود دیکھا ہے - اس کی بنا پر میرا خیال یہ
ہ کہ اس کو غلط فہمی سے مولانا محترم کے نام بتایا جا رہا ہے - ورنہ یہ اصل میں ارمغان دعوت کے ایڈیٹر کلیم احمد صاحب
کے نام ہے جو حضرت مولانا کے مسترشد ہیں اور غیر مسلموں میں دعوت اسلام کے کام سے دلچسپی رکھتے ہیں -
میری اس گزارش کی تائید خط کے ایک جملہ سے بھی ہوتی ہے، جو یہ ہے "کاش آپ سے پہلے
فات ہو گئی ہوتی -" میرے خیال میں تو حضرت مولانا سے ان (مالک رام) کی ملاقات بہت دفعہ ہو گئی ہوگی
کم ایک دفعہ کو تو میں قطعیت سے جانتا ہوں - اور یہ مالک صاحب کے انتقال سے پندرہ بیس سال پہلے کی ہے
اس کا موقع تھا دارالمصنفین اعظم گڑھ کی گولڈن جوبلی، بہرحال میرے خیال میں اس خط کی بابت یہ غلط
ہے کہ یہ مولانا علی میاں کے نام تھا - والسلام

عتیق الرحمان سنبھلی لندن

خود انحصاری کی طرف ایک اور قدم

ngi

نیلم گلاس

رنگین شیشہ (Tinted Glass)

باہر سے منگانے کی ضرورت نہیں ۔

چینی ماہرین کی نگرانی میں اب ہم نے رنگین عمارتی شیشہ (Tinted Glass) بنانا شروع کر دیا ہے ۔

دیدہ زیب اور دھوپ سے بچانے والا **نیلم** کا (Tinted Glass)

نیلم گلاس انڈسٹریز لمیٹڈ

ورکس، شاہراہِ پاکستان حسن ابدال ۔ فون : 563998 - 509 (05772)

فیکٹری آفس ؛ ۲۸۴-بی راجہ اکرم روڈ، راولپنڈی فون : 568998 - 564998

رجسٹرڈ آفس، ۱۷-جی گلبرگ II ، لاہور فون : 878640-871417